© rasailojaraid.com

# مطبوعات

## حیات نو (ہفت روزہ) اشتراکیت نمبر

بہ ادارت :۔ محمود فاروقی صاحب
مقام اشاعت :۔ حیدر آباد، دکن
چندہ سالانہ :۔ درج نہیں۔ قیمت اشتراکیت نمبر فی پرچہ ۵ر

ریاست دکن (انڈیا) کے اخبارات میں سے حیات نو اسلامی نظامِ حیات کا داعی ہے۔ حیات نو کا اشتراکیت نمبر جو ۲۰ صفحات پر مشتمل ہے، ہمارے سامنے ہے۔ یہ نمبر دراصل اس کشمکش کے زیر اثر شائع کیا گیا ہے جو برعظیم ہند میں بالعموم اور ریاست حیدر آباد کے ماحول میں بالخصوص، سرمایہ داری اور کمیونزم کے درمیان رہتا ہے! اور جس سے اسلام بہرحال بے تعلق نہیں رہ سکتا۔ اس نمبر میں "کمیونسٹ پروپگنڈے کی ریشہ دوانیاں" "اشتراکیت اور اشتمالیت کا نقطۂ آغاز" "مارکس کا نفسیاتی تجزیہ" اور "کمیونزم اقبال کی نظر میں" قابلِ قدر مضامین شامل ہیں۔ صوری محاسن خصوصاً کاغذ اور کتابت کا معیار اور زیادہ بلند ہونا چاہیئے۔

## ماہنامہ فاران

بہ ادارت :۔ جناب ماہر القادری صاحب
مقام اشاعت :۔ کیمبل اسٹریٹ کراچی
چندہ سالانہ :۔ چھ روپے فی کاپی ۸ر

تقسیمِ ملک کے بعد پاکستان میں جو نئے ادبی ماہنامے اشاعت پذیر ہونے لگے ہیں ان میں سے چند اچھے رسالوں کی صف میں فاران کو ایک امتیازی مقام حاصل ہے۔ ماہر القادری صاحب شعر و افسانہ کے میدان میں ایک معیاری حیثیت رکھتے ہیں اور آپ کی نگارشات میں جہاں ایک طرف ندرت و لطافت ہوتی ہے وہاں دوسری طرف فنی اہتمام بھی پورا پورا موجود ہوتا ہے۔ ماہر صاحب نہ صرف یہ کہ موجودہ ترقی پسند ادیبوں کی بنائی ہوئی لکیر کی فقیری کرنے پر کسی طرح راضی ہونے والے نہیں ہیں، بلکہ چند بے راہ رو (ترقی پسند) ادیبوں کے ادبی فاشزم کے خلاف علم بغاوت بلند کرکے تعمیر پسند ادب کی ایک نئی شاہراہ بنانے

© rasailojaraid.com